☆ | Roll No. | HSSC-(P-II)-A/2024 | Paper Code 8 0 2 2

نمبر:20 وقت:30 منٹ (For All Sessions)

# اُردو لازمی (معروضی)

## (گروپ-II)

نوٹ:- تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی کاپی پر لکھیئے ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C،B،A اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز C،B،A یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مار کر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

**(الف) درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

1.1 ۔ عمر بن عبدالعزیزؒ کے غلام کا نام تھا: (A) سلمان (B) مکحول (C) میمون (D) مزاحم

2 ۔ رسالہ "تہذیب الاخلاق" کس نے جاری کیا؟ (A) محسن الملک (B) شبلی نعمانی (C) سر سید احمد خان (D) حالی

3 ۔ مولوی نذیر احمد اپنا توشۂ آخرت گردانتے تھے: (A) ابن الوقت (B) ترجمۃ القرآن (C) توبۃ النصوح (D) مرأۃ العروس

4 ۔ ابنِ انشاء کے بقول افغانستان میں سرکاری مطبعوں کی تعداد تھی: (A) پانچ (B) سات (C) نو (D) گیارہ

5 ۔ سبق "ایوب عباسی" کے مصنف کا نام ہے: (A) چراغ حسن حسرت (B) رشید احمد صدیقی (C) سرسید (D) نذیر احمد

**(ب) مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب کا انتخاب کیجیے۔**

6 ۔ اس کا گھر، جائیداد اور گاڑی سب کچھ بک: (A) گئے (B) گیا (C) گئی (D) گئیں

7 ۔ میں نے "کلیات میر" ایک ہی رات میں: (A) پڑھ ڈالی (B) پڑھ ڈالے (C) پڑھ ڈالیں (D) پڑھ ڈالا

8 ۔ ریوڑ گھاس چر: (A) رہی ہے (B) رہے ہیں (C) رہا ہے (D) رہی ہیں

9 ۔ مجھے تنگ نہ کرو____ میں چلا جاؤں گا۔ (A) اگرچہ (B) ورنہ (C) بلکہ (D) لیکن

10 ۔ علی کامیاب ہو گیا____ حسن ناکام رہا۔ (A) بلکہ (B) خواہ (C) کیوں کہ (D) جب کہ

**(ج) درست رموزِ اوقات کا انتخاب کیجیے۔**

11 ۔ سکتہ کی علامت ہے: (A) — (B) ؟ (C) : (D) ،

12 ۔ کس چیز کی تفصیل بیان کرتے وقت علامت استعمال ہوتی ہے؟ (A) وقفہ (B) سکتہ (C) تفصیلیہ (D) ختمہ

13 ۔ ( ) علامت ہے: (A) قوسین (B) رابطہ (C) وقفہ (D) سکتہ

14 ۔ ختمہ کی علامت استعمال ہوتی ہے: (A) سوال پوچھنا (B) فقرے کی تکمیل (C) حیرت کا اظہار (D) تفصیل بیان کرنے کے لیے

15 ۔ آپ کہاں جا رہے ہیں؟ (A) - (B) ؟ (C) ! (D) :

**(د) مصدر کا بطور امدادی فعل استعمال کیجیے۔**

16 ۔ آنا: (A) آؤ مل کر کھیلیں (B) اب تو آنا جانا لگا رہتا ہے (C) وقت پر کالج چلے آؤ (D) میں نہیں آؤں گا

17 ۔ دینا: (A) مجھے اپنا قلم دینا (B) آپ نے اسے کتاب کیوں دی (C) میں نے اسے پڑھا دیا ہے (D) مجھے پانی دینا

18 ۔ ہونا: (A) اچانک حادثہ ہو گیا (B) کالج میں پودے اُگے ہوئے ہیں (C) اذان کا وقت ہوا چاہتا ہے (D) یہ تو بہت برا ہوا

19 ۔ اٹھنا: (A) صبح جلدی اٹھنا چاہیے (B) آگ بھڑک اٹھی (C) یہ دھواں سا کہاں سے اٹھتا ہے (D) اٹھو! میرے ساتھ چلو

20 ۔ جانا: (A) وہ اکثر کراچی جاتا ہے (B) آپ نے کہاں جانا ہے؟ (C) میرے کمرے سے نکل جاؤ (D) مجھے کالج جانا ہے